تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

22-نومبر،2019ء

# پریس ریلیز

لاہور(پ ر) اسرائیل فلسطین میں اور بھارت کشمیر میں ظلم وستم کی یکساں پالیسی اپنائے ہوئے ہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ بھارت کے میجر جنرل (ر) ایس پی سنہا کا ایک نیوز چینل پر یہ مشورہ دینا کہ کشمیری مردوں کو قتل کرنا اور عورتوں کا ریپ کرنا کشمیر میں بطور ہتھیار استعمال کیا جائے' دہشت گردی کی بدترین شکل ہے۔ اِس بیان سے ہندوؤں کا اصل چہرہ بے نقاب ہوگیا ہے۔ بھارتی جنرل (ر) نے ایسا بیان دے کر انسانیت کو شرمسار کیا ہے اور اخلاقیات کا جنازہ نکال دیا ہے۔ اُدھر اسرائیل نے گذشتہ چند دنوں میں بتیس (32) فلسطینیوں کو شہید کر دیا ہے اور سینکڑوں کو زخمی کر دیا ہے۔ عرب اور پاکستان کے حکمران اور عوام سب خاموش تماشائی بنے اپنے مسلمان بھائیوں پر ہوتا ظلم اور اُن کی بے بسی دیکھ رہے ہیں لیکن ٹس سے مس نہیں ہو رہے۔ امریکہ نے بھی مغربی کنارے پر یہودی آبادکاریوں کو جائز قرار دے کر اپنے آئندہ عزائم کا اظہار کر دیا ہے۔

پاکستان کے حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ اخباری اطلاعات کے مطابق اقتدار کے ایوانوں میں محلاتی سازشیں اپنے عروج پر ہیں۔ دھرنے کے خاتمے کے باوجود حالات پُرسکون ہوتے نظر نہیں آتے۔ مقتدر قوتوں اور حکومتی اتحادیوں کا حکومت کے ساتھ ایک پیج پر نہ ہونے کی افواہیں گرم ہیں۔ ایسی صورت میں پاکستان کشمیریوں کی مدد کیسے کر سکے گا۔ اُنھوں نے کہا کہ سیاسی دھرنے کو جواز فراہم کرنے کے لیے نبوی دور سے مثالیں لانا قابل مذمت ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ نہ تو حکومت ریاست مدینہ کی طرف ایک قدم بڑھانے کو تیار ہے اور نہ ہی اسلامی جماعتیں نفاذِ شریعت کے لیے تحریک برپا کرنے کو تیار ہیں بلکہ اپنے اپنے سیاسی اور جمہوری مقاصد کے حصول کے لیے مال وجان کی بازی لگا رہی ہیں۔ نظریہ پاکستان کیا تھا اور اُسے عملی تعبیر دینے کے لیے ہمیں کیا کچھ کرنا ہوگا اِس پر غور وفکر کرنے کے لیے کوئی تیار نہیں ہے، جبکہ اقتدار کی رسہ کشی زور وشور سے جاری ہے۔

ایوب بیگ مرزا

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

جاری کردہ

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** 22 Nov 2019

**Israel and India are employing the same evil policy of oppression, cruelty and brutality in Palestine and Kashmir, respectively.**

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "Israel and India are employing the same evil policy of oppression, cruelty and brutality in Palestine and Kashmir, respectively."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement.The Ameer remarked that the advocacy by a retired Major General of the Indian Army, SP Sinha, on an Indian News Channel that the rape of Kashmiri women and the murder of Kashmiri men should be used as a weapon in Occupied Kashmir is the worst kind of terrorist narrative. This statement has further unmasked the real wicked and spiteful face of extremist Hindus. The retired Major General of the Indian Army has disgraced humanity at large and crossed all limits of immorality by giving such an atrocious statement. The Ameer said that Israel, using similar inhumane policy, has martyred at least 32 Palestinians and injured hundreds more in attacks on Gaza during the last few days. The Ameer lamented that the rulers and the masses of Arab countries and Pakistan are shamefully mum and silently witnessing the brutality being perpetrated against their Muslim brethren and have all become coldhearted and indifferent like stones to their plight and predicament. The US, too, has reached a new moral and legal low by declaring the illegal Jewish settlements in the West Bank as 'legal', thus outlining its roadmap of the future, the Ameer bemoaned.

While commenting on the situation in Pakistan, the Ameer noted that political instability is increasing precipitously in our country. Political plots, intrigues and conspiraciesin the corridors of power are at their peak according to news reports, he remarked. The situation still does not appear to have calmed even after the end of the recent sit-in. Rumors of the present government not being on the same page with their coalition partners and the powers that be are circulating widely. He queried that in these circumstances how would Pakistan be able to help and support the Kashmiris? The Ameer criticized the use of examples from the Prophetic era to justify the political motives of the sit-in. He remarked that neither the government is willing to take even a single step towards Riyasat-e-Madinah, nor the Islamic parties are ready to initiate a mass public movement for the establishment of the Shariah System in the country, instead, each assemblage is sacrificing wealth and energies only to gain petty political and 'democratic' benefits for itself. Unfortunately, no one is willing to contemplate on the real meaning and essence of the Ideology of Pakistan and how to practically implement it in the country, while the tug-of-war for mere power and dominion is rampant, he concluded.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**